بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# دوگانہ لیلۃ القدر : نیت اور دعائیں

## Niyyat نیّت

MAHDAVIYAT AINUL ISLAM
MASJID HAZ. MOOSA MIYA AWWAL RH
NEW ROAD CHANCHALGUDA, HYDERABAD - T.S. ☏: 9676806786

نَوَيْتُ أَنْ أُصَلِّيَ لِلّٰهِ تَعَالٰى رَكْعَتَيْنِ صَلٰوةِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فَرْضُ اللّٰهِ تَعَالٰى مُتَابِعَةُ الْمَهْدِيِّ الْمَوْعُوْدِ اِقْتَدَيْتُ بِهٰذَا الإِمَامِ مُتَوَجِّهًا إِلٰى جِهَةِ الْكَعْبَةِ الشَّرِيْفَةِ۔ اَللّٰهُ أَكْبَرُ

اگر امام ہو تو (اِقْتَدَيْتُ بِهٰذَا الإِمَامِ) کے بجائے

(اَنَا اِمَامٌ عَلَى الْجَمَاعَةِ لِمَنْ حَضَرَ وَلِمَنْ يَّحْضُرُ) کہیں

نوٹ : دوگانہ لیلۃ القدر کی امامت کیلیئے اپنے مرشد کی اجازت لازماً ضروری ہے۔

NAWAI'TU'AN USALLIYA LILLAHI TA'ALA RAK'ATAINI SALAATIL LAILATIL QADRI FARAZULLAHI TA'ALA MUTAA'BI'ATUL MAHDIYIL MAOUD IQTADAI'TU BI'HAZAL IMAM MUTAWAJJIHAN ILAA JIHATIL KABATISH SHAREEFA, ALLAHU AKBAR

Agar IMAM ho tu (IQTADAI'TU BI'HAZAL IMAM) ke bajaaye (ANAA IMAMUN A'LAL JAMAA'ATI LIMAN HAZARA WA LIMAI YAHZURU) kahen.

Note: Dugana Lailatul Qadr ki Imamat keliye Apne Murshid ki ijazat Laziman zaroori hai

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ الضحیٰ (وَالضُّحَى؛ وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَى)

دوسری رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ القدر (إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ)

1ST RAK'AT ME SURATUL FATIHA KE BAAD SURATUZ ZUHAA **(Wazzuha ; Wallayli izaa saja)**

2ND RAK'AT ME SURATUL FATIHA KE BAAD SURATUL QADR **(Innaa Anzalnahu Fee Lailatil Qadr)**

# Dua — دعائیں

(1) اَللّٰهُمَّ أَحْيِنَا مِسْكِينًا وَّأَمِتْنَا مِسْكِينًا وَّاحْشُرْنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي زُمْرَةِ الْمَسَاكِين بِفَضْلِكَ وَكَرَمِكَ يَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْن

اَئے ہمارے رب جلیل! اَئے کرم کرنے والوں میں سب سے زیادہ کرم کرنے والے اللہ!! آپ کے فضل کا واسطہ! آپ کے کرم کا واسطہ!! ہم کو مسکین بنا کر زندہ رکھیئے اور ہم کو مسکین کی موت دیجیئے قیامت کے روز ہم کو مسکین بزرگوں کی جماعت میں شریک کر کے انہی کے ساتھ اٹھا یئے۔

**Aye Hamare Rabbe Jaleel! Aye Karam karne Walon me Sab se Ziyada Karam Karne Wale ALLAH !! Aap ke Fazal ka Waaseta Aapke Karam ka Waaseta, Humko Miskeen Banakar Zinda Rakkhiye aur Humko Miskeen Ki Maut dijiye aur Qiyamat ke Roz Hum ko Miskeen buzurgon ki Jamaat me Shareek Karke Unhi ke sath uthaiye.**

MAHDAVIYAT-AINUL ISLAM

[2] اَللّٰهُمَّ صَغِّرِ الدُّنْيَا بِاَعْيُوْنِنَا وَ عَظِّمْ جَلَالَكَ فِىْ قُلُوْبِنَا وَ
وَفِّقْنَا لِمَرْضَاتِكَ وَ ثَبِّتْنَا عَلٰى دِيْنِكَ وَ طَاعَتِكَ وَ مُحَبَّتِكَ
وَ شَوْقِكَ وَ عِشْقِكَ بِفَضْلِكَ وَ كَرَمِكَ يَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ

اَئے ہمارے پاک پروردگار! اَئے کرم کرنے والوں میں سب سے زیادہ کرم کرنے والے اللہ!! آپ کے فضل کا وسیلہ! آپ کے کرم کا واسطہ!! ہماری نظروں میں دنیا اور دنیا کے مال ومتاع کو معمولی اور بالکل حقیر بنا دیجیئے۔ آپ کے مرتبہ کو ہمارے دلوں میں خوب بلند کردیجیئے۔ آپ اپنی رضامندی کے کام کرنے کی ہم کو توفیق عطا فرمائیۓ اَئے اللہ! آپ اپنے دین پر اپنی اطاعت وفرماں برداری پر، اپنی محبت پر اور عشق پر ہم کو شوق اور مضبوطی کے ساتھ ثابت قدم رکھیئے۔

**Aye hamare Parwardigaar ! Aye karam karne walon me sab se Ziyada karam karne Wale ALLAH !! Aap ke Fazal ka Waaseta! Aap ke karam ka Waaseta!! Hamari Nazron me Dunya aur Dunya ke Maal Wa Mataa ko Bahut Maamoli aur Bilkul Haqeer bana dee jiye Aap ke Martabe ko hamare Dilon me Khoob boland kar dijiye. Aap Apni Razamandi ke kaam karne ki ham ko Taufiq Ataa Farmaiye. Aye ALLAH ! Aap apne deen par apni itaa'at wa farmaa'bardari par, apni mohabbat par aur ishq par hum ko shauq aur mazbooti ke saat saabit qadam rakhiye.**

[3] اَللّٰهُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّارْزُقْنَا اتِّبَاعَهٗ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا
وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اَئے ہمارے پروردگار! اَئے ہمارے پالن ہار !! اَئے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے اللہ!! آپ کی رحمت کا واسطہ! دین حق کو ہمیں حق ہی دکھلایئے اور پھر ہم کو اس کی پیروی کی بھی عنایت فرمائیۓ اور باطل کو ہمیں باطل ہی دکھلایئے اور اس سے ہم کو بچنے کی توفیق عطا فرمائیۓ۔

**Aye hamare Parwardigaar !! Aye hamare Paalanhaar !! Aye Raham karne walon me sab se Ziyada Raham karne wale ALLAH !!! Aap ki Rehmat ka Waaseta Deene Haq ko Haq hi dikhlaiye aur phir ham ko us ki Pairwi ki Taufeeq inayat Farmaiye aur Baatil ko hame Baatil hi dikhlaiye aur us se ham ko bachne ki Taufeeq Ataa Farmaiye.**

MAHDAVIYAT-AINUL ISLAM

(4) رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِن نَّسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا أَنتَ مَوْلَانَا فَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ

اَئے خداوند قدوس !اَئے رب کریم !!اگر ہم آپ کے حکم پر عمل کرنا بھول جائیں یا ہم کچھ خطاء اور قصور کر جائیں تو آپ ہم کو نہ پکڑلیجیئے۔ اَئے پاک پروردگار! ہم پر ایسا بوجھ نہ دیجیئے جیسا کہ آپ نے پچھلی قوموں کو دیا تھا۔ اَئے خداوند رحیم و کریم !! آپ ہم پر ایسا وزن نہ ڈالیئے جسے اٹھانے کی ہم ں طاقت نہ ہو۔ آپ ہمیں معاف فرما دیجیئے۔ آپ ہمیں بخش دیجیئے۔ آپ ہم پر رحم کر دیجیئے۔ آپ ہی ہمارے مولی ہیں۔ کافروں کے مقابلے میں آپ ہی ہماری مدد فرمائیئے۔

**Aye Khuda Wande Quddus ! Aye Rabbe Kareem !! Agar ham Aap ke hukum par Amal karna Bhool jayen Yaa ham Khuch Qataa aur Qhusoor kar jayen tu Aap ham ko Na pakar lijiye. Aye paak Parwardigaar! Ham par Aisa Boojh Na Deejiye jaisa ki Aap ne pichli Khaomon ko diya tha. Aye Khudawande Raheem wa Kareem! Aap ham par Aisa Wazan Na Daa liye jise uthane ki ham me Taaqat Na ho. Aap hame muaaf Farma dijiye Aap ham ko Baqsh dijiye Aap ham par Raham kar dijiye Aap hi hamare Maola hain Kaafiron ke Muqaabile me Aap hi hamari Madad Farmaiye**

(5) رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً

اَئے ہادیٔ برحق اللہ جل شانک !آپ ہمارے دلوں کو دین حق سے پلٹنے نہ دیجیئے جیسا کہ آپ نے ہم کو دیدار والے راستے کی طرف رہنمائی فرما دی ہے۔ اور آپ ہم کو اپنی رحمت ہی رحمت عطا فرمائیئے۔

**Aye Hadi-e-barhaq ! ALLAH jalla Shaanok !! Aap hamare Dilon ko Deene haq se palatne Na dijiye jaisa ki Aap ne ham ko DIDAAR wale Raaste ki taraf Rehnumai farmadi hai aur Aap ham ko Apni Rehmat hi Rehmat Ataa Farmaiye.**

MAHDAVIYAT-AINUL ISLAM

(6) رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ
رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ

ئے رب کریم! آپ ہم کو دنیا اور آخرت ہر دو جگہ حسنہ یعنی اپنا دیدار عطا فرمائیے۔ اور آپ ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچائے رکھیئے۔ اَئے رب رحیم!! ہم کو زیادہ سے زیادہ صبر کرنے کی توفیق عطا کیجیئے اور ہم کو ثابت قدم رکھیئے اور آپ ہی کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد و نصرت فرمائیے۔

**Aye Rabbe Kareem ! Aap ham ko Dunya aur Aakhirat har do Jagah HASANAH yaani Apna DIDAAR Ataa Farmaiye aur Aap ham ko Dozakh ke Azaab se Bachaye Rakhkhiye. Aye Rabbe Raheem ! Ham ko Ziyada se Ziyada SABR karne ki Taufeeq dijiye aur ham ko Saabit qadam Rakhkhiye aur Aap hi Kaafiron ke Muqaabile me hamari Madad Farmaiye.**

(7) رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

ئے شہنشاہوں کے شہنشاہ، اللہ! یہ جو کچھ آپ نے پیدا کیا ہے۔ بے کار، عبث پیدا نہیں کیا ہے۔ ایسا کرنے سے آپ کی ذاتِ اقدس بالکل پاک ہے۔ بس آپ دوزخ کے عذاب سے ہم کو بچالیجیئے۔

**Aye Shahinshaon ke Shahinsha ALLAH ! yeh no khuch Aap ne Paida Farmaiya hai. Bekaar aur Abas Paida Nahi kiya hai. Aisa karne se Aap ki Zaate Aqdas bilkul Paak hai bas Aap Duzaq ke Azaab se ham ko Bacaa lijiye**

(8) رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ

ئے ہمارے پاک پروردگار! بیشک آپ، تمام لوگوں کو ضرور ایک دن یعنی قیامت کے دن اٹھا کر جمع کرنے والے ہیں۔ اس میں کوئی شک ہی نہیں ہے۔ (یہ آپ کا وعدہ ہے) اور اللہ اپنے وعدہ کا بالکل بھی خلاف نہیں کرتے۔

**Aye hamare Paak Parwardigaar ! Beshak Aap Tamaam logon ko Zaroor ek din yaani Qiyamat ke din utha kar jamaa karne wale hain is me koi Sak hi Nahi hai yeh Aap ka Wada hai aur ALLAH Apne wade ka bilkul bhi Khilaaf Nahi karte.**

**(9)** رَبَّنَا إِنَّكَ مَن تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ

اَئے ہمارے ربّ جلیل! جس کو آپ نے دوزخ میں ڈال دیا تو بس آپ نے اس کو ذلیل و رسواء کر دیا۔ ایسے ظالم لوگوں کی مدد کرنے والے بھی کوئی نہیں ہوگا۔

**Aye hamare Rabbe Jaleel ! Jis ko Aap ne Duzakh me daal diya tu bas Aap ne us ko Zaleel aur Ruswa kar diya Aise Zaalim logon ki Madad karne wala bhi koi Nahi hoga**

**(10)** رَبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِي لِلْإِيمَانِ أَنْ آمِنُوا بِرَبِّكُمْ فَآمَنَّا

اَئے ہمارے پاک پروردگار! بیشک ہم نے ایک پکانے والے کی اِس پکار کو سنا کہ آئے لوگو! تم اپنے پالنے والے پر ایمان لے آؤ۔ بس ہم نے ایمان لا لیا ہے۔

**Aye hamare Paak Parwardigaar ! Beshak ham ne ek Pokaarne wale ki is Pokaar ko Sonaa ki Aye Logo ! Tum Apne Paalne wale par Emaan le Aao tu bas ham ne Emaan Laa liya hai**

**(11)** رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ ؛ رَبَّنَا وَآتِنَا مَا وَعَدتَّنَا عَلَىٰ رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ

أئے رب ذوالجلال والاکرام! آپ ہمارے گناہوں کو معاف فرما دیجیئے۔ اور ہماری برائیوں اور گناہوں کو ہم سے دور کر دیجیئے۔ ہم کو نیک اور آپ کو طلب کرنے والوں کی موت عطا فرمائیے۔

آئے ہمارے پاک پروردگار! آپ نے اپنے رسولوں سے جو وعدہ فرمایا ہے آپ ہمیں وہ ضرور عنایت فرمائیے۔ اور آپ ہمیں قیامت کے روز ذلیل و رسواء نہ کیجیئے۔ بیشک آپ اپنے وعدہ کا خلاف ہرگز نہیں کرتے۔

**Aye Rabbe Zul Jalaali wal ikraam ! Aap hamare Gunaahon ko Moaaf Farma dijiye aur hamari  Boraiyon aur Gunaahon ko ham se door kar dijiye ham ko Neak aur Aap ko Talab karne walon ki Maut Ataa kijiye Aye hamare Paak Parwardigaarc! Aap ne Apne Apne Rasoolon se jo wada Farmaya hai Aap hame woh Zaroor Enayat Famaiye aur Aap hame Qiyamat ke Roz Zaleel wa Ruswa Naa kijiye. Beshak Aap Apne Wade ka Khilaaf harghiz Nahi karte.**

(12) رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ
لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ؛
إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ؛ إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ

اَئے ہادیء بر حق اللہ جل شانک ! آپ ہمارے دلوں کو دین حق سے
پلٹنے نہ دیجیئے جیسا کہ آپ نے ہی ہم کو اپنے دیدار کے راستے کی طرف
رہبری فرمادی ہے۔ بس اب آپ اپنے پاس سے ہم کو رحمت ہی
رحمت عطا فرمائیئے۔ آپ! بہت بخشنے والے ہیں۔ آپ! بہت بخشنے
والے ہیں۔ آپ ہی! بہت بخشنے والے ہیں۔ بس ہم کو بخش دیجیئے۔

**Aye Hadi-e-bar haq ! ALLAH jalla Shaanok !! Aap hamare Dilon ko Deene haq se palatne Na dijiye jab ki Aap ne hi ham ko Apne DIDAAR wale Raaste ki taraf Rehbari farmadi hai Bas Ab Aap Apne Paas se ham ko Rehmat hi Rehmat Ataa Farmaiye. Aap!! Bahut Baqhashne wale hain Aap!! Bahut Baqhashne wale hain Aap!! Bahut Baqhashne wale hain. Bas ham ko Baqsh dijiye.**

**آمین یارب العالمین۔**

**Aameen ya Rabbal Alameen**

**MAHDAVIYAT-AINUL ISLAM**